F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:09/07/2019

اردو میں سائنسی موضوعات پر اہم کتابیں شائع کی جائیں گی: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی کونسل کے صدر دفتر میں نیچرل سائنس پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: سائنس نے زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کی رفتار کو تیز کیا ہے۔آج اگر زندگی کو بہتر طور پر گزارنے کے لیے ڈھیر ساری مصنوعات وایجادات کا انبار لگا ہوا ہے تو اس میں بنیادی کردار سائنس کا ہے، اس لیے ضروری ہے کہ سائنسی مواد ہر ہندوستانی زبان میں دستیاب ہو، تاکہ ہر شخص سائنس سے فائدہ حاصل کر سکے، لیکن المیہ یہ ہے کہ اردو میں سائنسی موضوعات پر تشفی بخش مواد کی کمی نظر آتی ہے۔ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ 'نیچرل سائنس پینل میٹنگ' میں کیا۔انھوں نے کہا کہ اردو میں زیادہ سے زیادہ سائنسی مواد جمع کرنے کے لیے قومی کونسل کا 'نیچرل سائنس پینل' گزشتہ کئی برسوں سے کام کر رہا ہے جس کے تحت حال ہی میں درجنوں اہم سائنسی کتابیں شائع کی گئی ہیں۔علاوہ ازیں آب وہوا، پیڑ پودے، جسم وصحت، موسم وغیرہ پر بھی کونسل کی جانب سے کئی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے مزید کہا کہ یہ پینل ان تمام سائنسی موضوعات پر کتابوں کی اشاعت کو یقینی بنائے گا، جن کی انسانی سماج کو ضرورت ہے۔

اس موقعے پر معروف کینسر اسپیشلسٹ ڈاکٹر ماجد احمد تالی کوٹی نے سائنس کے میدان میں کونسل کے کاموں کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ الگ الگ شعبوں سے سماجی ضروریات وموضوعات کو مزید تلاش کرکے ان پر باضابطہ اور مستحکم کام کیا جائے اور اس کام کی رفتار کو بڑھایا جائے۔انھوں نے صحت سے متعلق کتابوں کی اشاعت پر بھی زور دیا، خاص طور پر کینسر جیسے مہلک مرض سے آگہی کے لیے بیداری لانے والی کتابوں کی تالیف وتصنیف اور اشاعت کی تجویز رکھی۔پروفیسر رئیس الدین نے سائنس پر اردو میں لکھی جانے والی کتابوں کے حوالے سے کہا کہ اردو میں سائنسی کتب کی تصنیف وترتیب کے لیے اردو کے اساتذہ کی ورکشاپ کرائی جائے تاکہ طلبا کے لیے لکھی گئی کتابیں مفید وموثر ثابت ہوں۔انھوں نے کہا کہ جو کتابیں بھی شائع ہوں ان میں اس بات کی نشاندہی کی جائے کہ وہ قارئین کے کس طبقے کے لیے لکھی گئی ہیں۔اردو میں سائنٹفک ٹرم کی ڈکشنری کے کونسل کے منصوبے کی پروفیسر رئیس الدین نے تائید کی اور کہا کہ یہ کام ترجیحی طور پر کیا جانا چاہیے۔پروفیسر اسداللہ نے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق کتابوں کی اشاعت پر زور دیا۔ڈاکٹر عزیر عزیز نے کہا کہ سماجی ضروریات کی تکمیل کے لیے کتابوں کی تصنیف وتالیف کا کام اس طرح ہو کہ اردو زبان کی ترویج واشاعت کا مقصد بھی پیش نظر رہے۔نیچرل سائنس پینل کی میٹنگ میں ماحولیاتی، آبی، اور اینٹی بایوٹک جیسے موضوعات پر کام کی تجاویز بھی سامنے آئیں۔آخر میں کونسل کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے میٹنگ میں شامل تمام ماہرین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

میٹنگ میں ڈاکٹر احمد علی، ڈاکٹر رضا رفیق الحق کے علاوہ کونسل کی اسسٹنٹ ڈائرکٹر ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر ڈاکٹر فیروز عالم، ریسرچ اسسٹنٹ ذیشان فاطمہ، پروجیکٹ اسسٹنٹ ڈاکٹر شاہد اختر انصاری اور محمد یوسف نے شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)